نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

PH. 042-99200729, 99200731, Email: mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت سول سیکرٹریٹ لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

لاہور،08 ستمبر 2026: وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت سول سیکرٹریٹ لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں نے خصوصی شرکت کی جبکہ سپشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ڈپٹی سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کاشف بشیر، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، انجنیئر مشتاق میر، رانا تجمل حسین سمیت دیگرافسران نے شرکت کی۔

اس موقع پر وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ کسان کارڈ سے 10 لاکھ کاشتکار فائدہ حاصل کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ 2 لاکھ 14 ہزار سے زائد کسانوں نے گرین ٹریکٹر فیز 4 کیلئے درخواستیں دیں۔10 ہزار ٹریکٹرز شفاف قرعہ اندازی کے ذریعے 7 لاکھ 50 ہزار روپے فی ٹریکٹر سبسڈی پر دیئے جائیں گے۔سید عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا کہ اپنا کھیت اپنا روزگار پروگرام کے تحت زمین حاصل کرنے والوں کوفنی راہنمائی اور مالی سپورٹ فراہم کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ 1500 نوجوان زرعی گریجویٹس کی حتمی سلیکشن کا عمل مکمل ہو چکا ہے۔ نئے زرعی گریجویٹس 16 ستمبر سے عملی فیلڈ سرگرمیوں کا آغاز کریں گے۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب ہائی ٹیک فارم میکانائزیشن فنانسنگ پروگرام کے ذریعے صوبہ میں جدید مشینری کوفروغ مل رہا ہے۔

☆☆☆☆